14/05/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی پانچ ممالک متحدہ عرب امارات ، نیدھر لینڈس ، Norway، Sweden اور اٹلی کے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت کل ابو ظہبی پہنچ رہے ہیں ، جہاں وہ متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کریں گے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

جموں کشمیر کو نشے سے پاک کرنے کے لئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی طرف سے شروع کئے گئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں ۔ لیفٹنٹ گورنر بذاتِ خود مختلف اضلاع میں پد
یاتراو

ں اور بیداری پروگراموں کی قیادت کر رہے ہیں اور دوسری طرف انتظامیہ اور پولیس منشیات ۓ کا نیٹ ورک ختم کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہیں کر رہے ہیں ۔

منشیات کے خلاف لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام

مختلف اضلاع میں بیداری پروگراموں کے سلسلے میں بھی روز افزوں تیزی آ رہی ہے ۔ کولگام کے منی سیکریٹریٹ میں کل ضلعے کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم کی صدارت میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔ ہمارے کولگام نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ اس پروگرام میں کافی تعداد میں طلباء، مختلف محکموں کے افسروں اور عام لوگوں نے شرکت کی ۔ بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈی سی موصوف نے کہا ۔

کولگام

کاروائی کے Anti Encroachment کولگام ضلعے کے چِنی گام فرسل علاقے میں پولیس نے دوران ایک بدنامِ زمانہ ڈرگ سمگلر جہانگیر احمد بٹ کی غیر قانونی طور تعمیر کی گئی تین دکانوں کو منہدم کر دیا ۔

ستیش شرما

خوراک اور امورصارفین کے وزیر ستیش شرما نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک کو منشیات سے پاک اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے مشعل راہ بنےں۔ SKICC سرینگر میں یوتھ Aarohan فسٹیول2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے کی جانب سے منعقد کیا گیا یہ ایونٹ ملک کے نوجوانوں کی توانائی اور قائدانہ صلاحیتوں کو ظاہر کرنے والے ایک متحرک پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ واضح رہے کہ اس ایونٹ میں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے تین سو نوجوانوں نے شرکت کی۔

جاوید احمد رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے سرینگر میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے ساتھ ایک میٹنگ میں عوامی نوعیت کے کئی معاملات ،سرحدی علاقوں کی ترقی اور انتظامی ادارہ جاتی لائحہ عمل کو مستحکم کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ وزیر موصوف نے دو رافتادہ اور سرحدی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کی موثر عمل آوری کے لیے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے پسیاں گرآنے اور سیلابوں کی وجہ سے متاثرہ کنبوں کی بازآباد کاری اور امداد کے عمل کا بھی جائزہ لیا ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر بھر میں عملائی جا رہی پردھان منتری شرم یوگی ماندھن سکیم کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لیبر محکمے کو ہدایات دیں کہ وہ تمام غیر منظم ورکروں کو رجسٹریشن کے دائرے میں لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں تاکہ وہ اس سکیم سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ چیف سیکرٹری کو بتایا گیا کہ یو ٹی کے 20 اضلاع میں پی ایم ایس وائی ایم کے تحت اب تک 99 ہزار 772 غیر منظم ورکروں کو رجسٹر کیا گیا ہے۔

یشا مدگل

کوآپریٹو محکمے کی کمشنر سیکریٹری یشا مدگل نے ایک میٹنگ کے دوران کوآپریٹو محکمے سے متعلق مالی سال 2026-27 کے بجٹ کےپکس کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کےپکس بجٹ کو پائیدار، ادارہ جاتی، بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور کوآپریٹو سیکٹر میں خدمات کی فراہمی کے طریقہ کار کو مستحکم کرنے پر زور دیا ہے۔

شالین کابرا

جل شکتی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا نے کل ضلع کپواڑہ میں چالو مختلف واٹر سپلائی سکیموں کا معائنہ کیا ۔

انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ التواءمیں پڑے تمام کاموں کو جلد از جلد مکمل کریں اور رقوعات کے منصفانہ تصرف کو یقینی بنائیں ۔

اننت ناگ

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ جو پہلگام ایکسز کے لئے یاترا آفیسر پارٹیوں Advance بھی ہیں نے کل ایک میٹنگ کے دوران یاترا ٹریک اور بنیادی کیمپوں کے لئے کی تعیناتی سے متعلق منصوبے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے یاترا کے احسن انعقاد کو یقینی بنائیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****